# AKASHVANI NEWS SRINAGAR

**Text of Urdu news Bulletin**

**Date : 19 August 2026**

**Time : 12:30 / PM**

**Opening**

آداب

یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔

دوپہر کے 12 بجکر 30 منٹ ہوئے ہیں۔

خبروں کا بلیٹن لیکر میں عابدہ اختر۔

ایل جی

لیفٹننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ انتظامیہ سابق فوجیوں اور ان کے اہل خانہ کی فلاح و بہبود کو یقینی بنانے کی وعدہ بند ہے۔جموں میں جموں وکشمیر راجیہ سینک بورڈ کی 81ویں میٹنگ کی صدارت کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ سابق فوجیوں کی قربانیوں کو کسی بھی صورت میں فراموش نہیں کیا جائے گا۔میٹنگ کے دوران ایکس Servicemen کنٹریبیوٹری ہیلتھ سکیم کے ساتھ مختلف اسپتالوں کی Empenalment کے امکانات کا بھی جائزہ لیا گیا۔میٹنگ میں فوج کی شمالی کمان کے سربراہ لیفٹننٹ جنرل پرتیک شرما اور چیف سیکرٹری اٹل ڈلو کے علاوہ کئی دیگر افسران بھی موجود تھے۔

CM

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ آج سرینگر شہر کے کئی علاقوں کا دورہ کر رہے ہیں۔اپنے دورے کے دوران وزیر اعلیٰ شہر میں مختلف ترقیاتی پروجیکٹوں کی پیش رفت اور بلدیاتی ڈھانچے کو مستحکم بنانے پر جاری کام کے علاوہ عوامی خدمات کی فراہمی کا جائزہ لے رہے ہیں۔آج صبح بربرشاہ سرینگر کے دورے کے دوران انہوں نے وہاں پُل کی تعمیر کیلئے مجوزہ Site کا جائزہ لیا۔انہوں نے کہا کہ پُل کی تعمیر سے شہر خاص میں ٹریفک کی نقل وحمل میں مزید بہتری آئے گی۔وزیر اعلیٰ نے مہاراج گنج سرینگر میں اربن پرائمری ہیلتھ سنٹر کی عمارت

پر جاری کام کا بھی جائزہ لیا۔نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری،وزیر اعلیٰ کے مشیر ناصر اسلم وانی اور دیگر کئی حکام ان کے ہمراہ تھے۔

**PNG**

سرکار نے ملک بھر میں **Piped Natural Gas (PNG)** کے گھریلو کنکشنوں کو فروغ اور وسعت دینے کیلئے **Incentive Scheme** کو منظوری دی ہے۔اس اسکیم کا مقصد پائپوں کے ذریعے کفائتی نرخوں پر رسوئی گیس کو صارفین تک پہنچانا ہے۔یہ اسکیم پورے ملک میں اگلے ماہ کی پہلی تاریخ سے لاگو ہوگی۔یہ بات قابل ذکر ہے کہ اب تک ملک میں **PNG** کے ایک کروڑ **74** لاکھ کنکشن دئے گئے ہیں۔

یونیورسٹی کانفرنس

کشمیر یونیورسٹی کے اردو شعبے کے اہتمام سے منعقد کی گئی دو روزہ بین الاقوامی کانفرنس آج دوسرے روز بھی جاری ہے۔”اردو میں ماحولیاتی ادب اور تنقید“ کے موضوع پر منعقدہ اس کانفرنس کا افتتاح یونیورسٹی کی وائس چانسلر پروفیسر نیلوفر خان نے کیا۔انہوں نے کہا کہ عصر حاضر میں ماحول اور فطرت سے متعلق ادبی اور تحقیقی سرگرمیاں اہمیت کی حامل ہیں۔کانفرنس میں مختلف شعبوں سے تعلق رکھنے والے اساتذہ،ریسرچ سکالر اور طالب علموں کے علاوہ ادب سے دلچسپی رکھنے والی کئی شخصیات شرکت کر رہی ہیں۔

**FSA**

**Food Safety and Standards** اتھارٹی آف انڈیا کے چیف ایگزیکٹیو افسر راجت پُنہانی نے **SKICC** سرینگر میں فوڈ بزنس آپریٹرس،تجارتی و صنعتی ایسوسی ایشنوں اور دیگر متعلقہ فریقین کے نمائندوں کے ساتھ ایک میٹنگ کی۔میٹنگ کے دوران جموں و کشمیر میں غذائی تحفظ،ضوابط کی پاسداری،ٹیسٹنگ عمل کے بنیادی ڈھانچے اور کاروبار میں آسانی سے متعلق کئی امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔اس دوران فوڈ بزنس آپریٹروں کی لائسنسنگ،رجسٹریشن،تربیت اور صلاحیت سازی کے ساتھ ساتھ غذائی تحفظ کے ضوابط اور دیگر امور پر بھی غور و خوض کیا گیا۔

**DC** اننت ناگ

ڈپٹی کمشنر اننت ناگ ڈاکٹر بلال محی الدین بٹ نے افسران کی ایک میٹنگ میں ضلعے میں صفائی ستھرائی اور کوڑا کرکٹ کو ٹھکانے لگانے کے عمل کا جائزہ لیا۔ ترقیاتی کمشنر نے متعلقہ افسران کو ہدایت دی کہ وہ کوڑا کرکٹ کو ٹھکانے لگانے اور اس کی علیحدگی کیلئے زمین کی نشاندہی کریں۔ انہوں نے ضلعے میں ماحولیات کی پاکیزگی کو یقینی بنانے کیلئے متعلقہ شعبوں کے مابین تال میل کی ضرورت پر بھی زور دیا۔

NTA

نیشنل ٹیسٹنگ ایجنسی NTA نے اپنے کام کاج میں مزید بہتری لانے کیلئے اصلاحی قدم کے طور امتحانی ٹیم میں سے 600 ماہرین کو ہٹایا ہے اور ان کی جگہ نئے ماہرین کا انتخاب عمل میں لایا جارہا ہے۔ تعلیم کی مرکزی وزارت نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں لکھا ہے کہ امتحانی پرچوں کی چیکنگ کا نظام مزید مستحکم بنانے کیلئے اب چار مرحلوں پر مشتمل ہوگا۔ اس کے علاوہ NTA کے مرکزی دفتر کو نئی جگہ منتقل کیا جائے گا جہاں CISF کی ٹیموں کو اس کی سیکورٹی پر مامور کیا جائے گا۔

خراج

لوک سبھا سپیکر اوم برلا نے سابق صدر جمہوریہ ڈاکٹر شنکر دیال شرما کو ان کے جنم دن پر خراج پیش کیا ہے۔ ایک پیغام میں اوم برلا نے کہا ہے کہ سابق صدر ایک نامور دانشور، ماہر قانون اور تجربہ کار سیاست دان تھے جنہوں نے ملک میں تعلیمی، ثقافتی اور جمہوری اداروں کو مستحکم کرنے میں ایک اہم رول ادا کیا۔

**Closing**

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔ اجازت دیجئے۔ خدا حافظ۔